PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "سماجی"

## "صحت کی دیکھ بھال"

# تقریباً ہر 10 میں سے 3 (27%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ وہ اپنی آنکھوں کی بصارت کے لیے نظر کی عینک کا استعمال کرتے ہیں۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

اسلام آباد، 12 دسمبر، 2019


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 10 میں سے 3 (27%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ وہ اپنی آنکھوں کی بصارت کے لیے نظر کی عینک کا استعمال کرتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے متفق ہیں یا غیر متفق ہیں؟ [میں نظر کی عینک کا استعمال کرتا / کرتی ہوں]"**۔ اس سوال کے جواب میں 27% جوابدہندگان اس سے متفق ہیں، جبکہ 66% جوابدہندگان کے مطابق وہ نظر کی عینک کا استعمال نہیں کرتے ہیں، تاہم 7% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**شہری اور دیہی علاقوں کے نتائج میں فرق:۔ شہری علاقوں میں نظر کی عینک استعمال کرنے کی شرح دیہی علاقوں کی نسبت زیادہ ہے۔** دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان میں سے، 25% جوابدہندگان کے مطابق وہ نظر کی عینک استعمال کرتے ہیں، جبکہ 67% جوابدہندگان اس سے غیر متفق ہیں۔ شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان میں سے، نسبتاً زائد 33% جوابدہندگان کے مطابق وہ نظر کی عینک استعمال کرتے ہیں، جبکہ 64% جوابدہندگان اس سے غیر متفق ہیں۔

**عمر کے مطابق نتائج میں تقسیم: پچاس سال سے کم عمر افراد کی نسبت بوڑھے افراد میں نظر کی عینک کو استعمال کرنے کی شرح زیادہ ہے۔** کل جوابدہندگان میں سے، 30 سے کم عمر جوابدہندگان میں سے، 20% جوابدہندگان اس بات سے متفق ہیں کہ وہ نظر کمزور ہونے کی وجہ سے نظر کی عینک کا استعمال کرتے ہیں۔ 30 سے 50 سال کی عمر کے درمیان جوابدہندگان میں سے، 33% پاکستانیوں کا دعوی ہے کہ وہ نظر کی عینک استعمال کرتے ہیں۔ 50 سال سے زائد عمر کے جوابدہندگان میں سے، 45% جوابدہندگان کے مطابق وہ نظر کی عینک استعمال کرتے ہیں۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے متفق ہیں یا غیر متفق ہیں؟ [میں نظر کی عینک کا استعمال کرتا / کرتی ہوں]"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*

*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1214 مرد و خواتین سے 07 نومبر تا 13 نومبر 2019 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, December 12, 2019**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2019

celebrating 39 years

of Gallup Pakistan
(1980-2019)